© rasailojaraid.com



# سفر آخرت کے راہی

انا للہ وانا الیہ راجعون

اللھم اغفر للمؤمنین والمومنات والمسلمین والمسلمات واعذھم من فتنۃ القبر وعذاب النار وعافھم واعف عنھم وادخلھم جنت الفردوس ٥

## شیخ الحدیث والتفسیر مولانا محمد اکرم مدنی فاضل مدینہ یونیورسٹی کو صدمہ

جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت حزن و ملال سے سنی گئی کہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم مدنی فاضل مدینہ یونیورسٹی مدرس جامعہ سلفیہ فیصل آباد کی بیٹی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئی انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ کی وفات حضرت مدنی صاحب اور ان کے خاندان کے لیے بہت بڑا سانحہ ہے مرحومہ نے ایک طویل عرصہ بستر علالت پر گزارہ' قارئین سے گذارش ہے کہ مرحومہ کی بلندی درجات کے لیے دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ ان کی بیماری کو درجات کی بلندی کا باعث بنائے۔ مرحومہ کی نماز جنازہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں شیخ الحدیث مولانا محمد یونس بٹ حفظہ اللہ نے پڑھائی اور انہیں حاجی آباد والے قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا

## مناظر اسلام مولانا محمد یحییٰ عارفی کی والدہ انتقال کر گئیں

جماعت کے معروف خطیب اور ابھرتے ہوئے مناظر حضرت مولانا یحییٰ عارفی کی والدہ ایک روڈ ایکسیڈنٹ میں انتقال کر گئیں مرحومہ نہایت صالحہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شب زندہ دار خاتون تھیں نماز' روزہ اور نوافل کا بڑا اہتمام کرتیں۔

مرحومہ کی نماز جنازہ ان کے بیٹے مولانا عارفی صاحب نے خود پڑھائی جس میں علماء کرام اور لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور انہیں عارفوالہ ضلع پاکپتن میں دفن کیا گیا۔

ادارہ جامعہ سلفیہ کی انتظامیہ' اساتذہ اور طلباء مرحومین کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل کی توفیق دے اور مرحومین کی بشری لغزشوں سے درگزر کرتے ہوئے انہیں جنۃ الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے آمین

© rasailojaraid.com